سوال

(780)وظیفہ جس کی برکت سے اللہ ہر لحاظ سے غنی کر دیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

۱)کوئی ایسا عمل وظیفہ جس کی برکت سے اللہ ہر لحاظ سے غنی کر دیں اور اللہ قناعت پسندی طبیعت میں پیدا فرما دیں ؟

(۲) بغیر کسی وجہ کے لوگوں سے ڈر لگتا ہے ٹانگوں سے جان نکل جاتی ہے اکثر منفی سوچ ذہن پر سوار رہتی ہے طبیعت پریشان رہتی ہے ذہن پر خوف سوار رہتا ہے اس کا بھی کوئی حل بتائیں کہ صرف اللہ کا ڈر ہو۔ باقی کائنات سے بے خوف ہو جاؤں ۔ کوئی عمل تحریر کریں ؟ 31/8/98

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

۱) ''اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ''[اے اللہ1 تو مجھے کافی ہو جا اپنے حلال کے ساتھ اپنی حرام کردہ چیزوں سے اور مجھے بے نیاز کر دے اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے]1

(۲) ''یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ '' 2 ۲۶/۵/۱۴۱۹ھ

1[ترمذی ۔ ابواب الدعوات ۔ حدیث ۳۵۶۳]2ترمذی ۔ جلد ثانی ۔ ابواب الدعوات

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص499

محدث فتویٰ